میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

HIZB UT TAHRIR

بدھ، 12رمضان، 1438ھ | 07/06/2017 | نمبر: PR17044

حزب التحریر کے خلاف مظالم بند کرو

رمضان کے مقدس مہینے میں پاکستان کے حکمران اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا غضب کمارہے ہیں

پیر 5 جون کی رات، بمطابق 11 رمضان المبارک کی رات، باجوہ نواز حکومت کے غنڈے لاہور میں دانیال عزیز کے گھر میں زبردستی داخل ہوئے، عورتوں اور بچوں کو خوفزدہ کیا، اور جب وہ گھر پر نہ ملے تو ان کے بھائی کو پکڑ لیا۔ ایک طرف مسلمان اس ماہِ مقدس میں راتوں کو اللہ کی عبادت کے لیے نمازیں پڑھتے ہیں اور دن میں روزے رکھتے ہیں تاکہ روزے ان کے لیے جہنم کی آگ کے خلاف ڈھال بن جائیں اور وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کے حق دار بن جائیں، لیکن دوسری جانب باجوہ نواز حکومت ایک مخلص خلافت کے داعی، ایک مسلمان کے گھر کی حرمت کو پامال کرنا اچھا عمل خیال کرتی ہے جس گھر کی عورتیں اللہ کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے پردہ کرتی ہیں۔ انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، من روع مؤمنا لم تؤمن روعته يوم القيامة "جو کوئی ایمان والے کو ہراساں کرتا ہے وہ روزِ قیامت ہراساں ہونے سے محفوظ نہیں رہے گا" (کنزالامہ)۔ اور حکومت اسلام کے داعیوں کو نقصان پہنچا رہی ہے جبکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے،

ومن عادى أولياء الله فقد بارز الله بالمحاربة

"اور جو کوئی اللہ کے دوستوں کے خلاف جارحیت کرتا ہے وہ اللہ کی جارحیت کا سامنا کرے گا" (حاکم نے صحیح حدیث معاذ بن جبل سے روایت کی ہے)۔

یقیناً باجوہ نواز حکومت نے ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان میں کوئی قانون نہیں ہے بلکہ امریکی اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ (دفتر خارجہ) کا قانون ہی قانون ہے کیونکہ اس ملک میں، جو اسلام کے نام پر قائم کیا گیا تھا، اسلام کو سختی سے کچلنے کا مطالبہ استعماری طاقتوں کا ہے۔ یقیناً حکومت نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ طویل عرصے سے مردہ پڑی قابض برطانوی راج کے مکروجذبے کو زندہ کر رہی ہے جس نے عدلیہ اور پولیس کو مسلمانوں کو سختی سے کچلنے کے لیے استعمال کیا تھا جن کی صرف یہ خواہش تھی کہ اس خطے میں اسلام کا ہی بول بالا ہو۔ اور یقیناً حکومت واشنگٹن میں بیٹھے اپنے آقاوں کو خوش کرنے کی ہوس میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ان لوگوں کے خلاف انتہائی سخت وعید کو فراموش کر بیٹھی ہے جو اسلام سے وفاداری کی وجہ سے مخلص مسلمانوں کو تشدد کا نشانہ بناتے ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا،

(إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ)

"یقیناً وہ جنہوں نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں پر تشدد کیا اور پھر اس پر توبہ بھی نہ کی تو ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے آگ میں جلنے کی سزا ہے" (البروج:10)۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان حکومت اور واشنگٹن میں بیٹھے اس کے آقاوں کو یقین دلاتی ہے کہ وہ ان کے ظلم کے سامنے نہ تو کمزور پڑے گی اور نہ ہی جھکے گی۔ ٹرمپ انتظامیہ اور مسلم دنیا میں اس کے دربان مسلمانوں کے اخلاص اور استقامت کا غلط اندازہ نہ لگائیں جیسا کہ وہ اپنے متعلق اندازے لگاتے ہیں کیونکہ ایمان والے صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے ڈرتے ہیں، یہ جانتے ہیں کہ وہ حق پر ہیں اور ہر اس چیز کو قربان کر دیں گے جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے انہیں عطا کی ہے تاکہ ظلم پر، چاہے وہ کتنا ہی وسیع اور سخت کیوں نہ ہو، غالب آنے کے لیے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد شامل حال ہو جائے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا،

(الَّذِينَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَانًا وَقَالُوا حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ)

"وہ جن سے لوگوں نے کہا کہ لوگوں نے تمہارے خلاف جتھا جوڑا ہے تو ان سے ڈرو، تو ان کا ایمان اور زیادہ ہو گیا اور بولے ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ کیا ہی اچھا کارساز ہے" (آل عمران:173)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس